# خواتین اور صنفی برابری/مساوات کی پالیسی

## پیش لفظ/دیباچہ

خواتین کے ساتھ قبائلی تسلط کی وجہ سے قدیم زمانے سے ہی امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے اور بین الاقوامی مجالسوں میں پابندیوں کے باوجود اس کا رواج برقرار ہے۔ خواتین پر مظالم اور استحصال کے لیے تولیدی حقوق، مزدوری، تعلیم اور دنیاوی استعمال ہوتے رہے ہیں اور اب بھی ہو رہے ہیں۔ متعدد ملکوں میں مساوی حقوق کے متعلق قوانین ہونے کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ مرد معاشی نتائج کے اعلی سطح سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور سیاسی، ثقافتی اور کھیلوں کی شخصیات میں بھی ان کی نمائندگی زیادہ ہوتی ہے۔

## اولین مقاصد

سیاسی کاروائیوں پر عمل پیرا ہونے کے خواہشمند افراد کی ذمہ داری ہے کہ اس عدم مساوات کو ختم کریں۔
گلوبل گرین کا مقصد، گلوبل گرین کے چارٹر کے ساتھ جڑا اور خاص طور پر سماجی انصاف کے اصولوں کے عین مطابق، یہ ہیں:

- تمام لوگوں کی برابری۔
- سیاسی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امتیاز سے آزادی۔
- انسانی وقار کا حق۔
- معاشرتی، ثقافتی، معاشی، سیاسی اور ماحولیاتی شعبے میں برابر رسائی اور حصہ لینے کی صلاحیت۔
- سیاسی، سماجی، ثقافتی، دانشورانہ اور معاشی زندگی کے تمام شعبوں میں فیصلہ سازی کے عمل میں برابر نمائندگی اور شرکت۔
- تمام لوگوں کو اپنی تعلیم، صحت، جنسی شناخت اور افزائش (جس سے نسل جاری رہتے ہے) کے بارے میں باخبر اور انتخاب کرنے کا حق ہونا چاہئیے۔
- اهم فیصلہ سازی کے مراحل میں خواتین کی برابر نمائندگی۔
- مساوی قیمت کے کام کے لیئے برابر تنخواہ۔

- خواتین کی طرف سے بغیر معاوضہ مزدوری کے اہم رقوم کا اعتراف۔
- بدسلوکی، تشدد، خوف، ہراسان کرنا اور براہ راست یا بلاواسطہ نظامی امتیاز سے آزادی۔
- تمام پالیسیون اور پابند قانون سازی میں صنف کو مرکزی دھارے میں شامل کرنا۔

## مقاصد

لہذا اس لیے، گرین پارٹی کام کرے گی؛

- قانون کے مطابق ظلم /جبر سے آزادی کے اختیار دینا.
- خواتین کی شرکت میں رکاوٹوں کو دؤر کرنے کے لئے سیاسی عمل میں اصلاح کی سہولت فراہم کرنا تاکہ ایک ایسے معاشرے کو حاصل کیا جاسکے جس میں تمام خواتین کی آوازیں اور انکا نقطۂ نظر شامل ہو
- مرد اور عورت کی مکمل برابری کے حصول کے لئے معاشرے اور خاندان میں مرد اور خواتین کے روایتی کردار میں تبدیلی۔
- اس بات کو یقینی بنانا کہ خواتین کی کم ز کم مردوں کے برابر قانونی صلاحیت ہو اور اس صلاحیت کو استعمال کرنے کہ مواقع بھی وہی ہوں۔
- خواتین کی معاشرتی، ثقافتی، معاشی، سیاسی اور ماحولیاتی برابری اور انصاف کو یقینی بنانا۔

## عملی منصوبہ

لہذا، گرین پارٹی کرے گی؛
امتیازی سلوک کے خلاف؛

- خواتین کے ساتھ ہر قسم کے امتیازی سلوک کی ممانعت کے لیے مناسب قانون اور قانون سازی کے ڈھانچے اور دیگر اقدامات اپنانا۔

- خواتین کے ساتھ کسی بھی عمل یا امتیازی سلوک کے عمل میں ملوث ہونے سے گریز کریں، اور یہ یقینی بنائیں کہ عوامی ذمہ داریاں اور ادارے اپنے زمیداری کے مطابق عمل کریں۔
- خواتین کے خلاف امتیازی سلوک پیدا کرنے اور برقرار رکھنے والی مختلف قوتوں کو چیلینج کرنے کہ لئے ایک جامع فریم ورک فراہم کریں۔
- مرد اور خواتین کہ مابین مساوات کے فروغ کے لئے برابری اور انصاف پر مبنی ایک نیا معاشی حکم قائم کرنا۔
- نسل پرستی، نسلی امتیاز اور خواتین کے خلاف جارحیت کے تمام اقسام کا خاتمہ کرنا۔
- دونوں ماں باپ کے فرض زچگی (ماں بننے کی حالت میں) بچوں کی تعلیم اور تربیت، پرورش اور خاندان میں پہچان اور سماجی اہمیت۔
- بچون کی پرورش کہ لئے مجموعی طور پرمرد اور خواتین اور معاشرے کے مابین ذمہ داری کی شراکت کی ضرورت ہے، اور یہ پیداواری عمل میں خواتین کا کردار تفریق کی بنیاد پر نہیں ہوگا۔
- موجودہ جابرانہ ڈھانچے کو تبدیل کرنا جس میں مرد اور خواتین کے مابین برابری کے لئے ممکن بننے کے لئے کبھی کبھی روایتی کردار سمجھا جاتا ہے۔

## سیاسی حقوق

- سیاست اور عوامی زندگی میں خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک کا خاتمہ۔
- ووٹ ڈالنے، عوامے عہدہ سنبھالنے اور عوامےکام انجام دینے کے حقوق کی ضمانت۔
- خواتین کو بین الاقوامی سطح پر اپنے ممالک کی نمائندگی کرنے کے برابر حقوق کو یقینی بنانا۔
- ملک کی عوامی اور سیاسی زندگی سے متعلق تنظیموں اور انجمنوں میں برابر کی شرکت کو یقینی بنانا۔

- ان تنظیمون کی مدد کرنا جو اعلی ا سطح کے عہدوں پر خواتین کی شرکت بڑھانے کہ لئے کام کر رہی ہیں۔
- معاشرتی، ثقافتی، معاشی اور سیاسی نمائندگی سمیت زندگی کے ہر شعبے میں خواتین کے لئے جہاں ضروری ہو کوٹہ سسٹم ہو۔

## پالیسی بنانا

- سرکاری پالیسیاں تشکیل دینے اور اس پر عمل درآمد میں خواتین کی شرکت کو یقینی بنانا۔
- متعدد خواتین کے ساتھ وسیع مشاورت کی بنیاد پر صنفی مساوات کی طرف ایک ایکشن پلان تیار کرنا اور یہ یقینی بنانا کہ حکومت کی ترجیحات منصوبے کی عکاسی کرتی ہیں۔
- سیاسی جماعتوں اور پارلیمینٹ میں خواتین کی شرح فیصد کے لیے اہداف طے کرنا۔
- عوامی خدمت اور سینئر انتظامی کردار میں خواتین کی ملازمت کے شرح فیصد کے لیے اہداف طے کرنا۔

## تعلیم

- ایسے بندوبست کرنا تاکہ تمام لڑکیوں اور خواتین کو مفت تعلیم تک رسائی حاصل ہو۔
- تعلیم کے میدان میں مردوں کے ساتھ برابری کے حقوق کو یقینی بنانے کے لئے خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک کا خاتمہ۔
- اساتذہ اور طلباء کی جانب سے غیر جنس پسندانہ رویوں کو فروغ دینے والے نصاباتی مواد، تدریسی طریقوں اور اساتذہ کی تربیت کے پروگراموں کی تیاری کرنا۔

## صحت

- زندگی کے تمام مراحل پر خواتین کی صحت کے معاملات پر درست معلومات کی فراہمی سمیت کمیونٹی پر مبنی خواتین کی صحت اور جنسی صحت کی خدمات کو بڑھانا۔

- مفت اور محفوظ حمل، حمل زچگی، ولادت اور ابتدائی بچپن کی خدمات کا بندوبست کرنا، گھر کی پیدائش اور دایہ پر مبنی خدمات کے لئے تعاون سمیت، دیکھ بھال کے دستیاب انتخابوں کے بارے میں خواتین کو مکمل طور پر آگاہ کرنا۔
- جبری نس بندی کو غیر قانونی بنانے کی قانون سازی کرنا، اور قانون نافذ کرنے سے متعلق قانون نافذ کرنا جس میں خواتین کا ختنہ یا خواتین کے جننانگ تخریج پر پابندی ہو۔

## شادی اور خاندانی تعلقات

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ عورتوں کو بھی مردوں کے نکاح جتنے حقوق حاصل ہیں، اس میں ان کی آزاد اور پوری رضامندی کے ساتھ اور شادی دوران اور اس کی تحلیل ہونے کے وقت وہی حقوق اور ذمہ داریاں ہیں۔
- بچوں سے متعلق معاملات میں ازدواجی حیثیت سے مساوی حقوق اور ذمہ داریوں کو یقینی بنائیں جس میں تمام معملات میں بچوں کے مفادات کو اہمیت حاصل ہوگی۔
- سرپرستی، وارڈشپ، امانتداری اور بچوں کو گود لینے کے سلسلے میں مساوی حقوق اور ذمہ داریوں کو یقینی بنانا یا اس طرح کے ادارے جہاں قومی قانون سازی میں یہ تصورات موجود ہیں، تمام معاملات میں بچوں کے مفادات کو اہمیت حاصل ہوگی۔
- شوہر اور بیوی جیسے ذاتی حقوق کو یقینی بنانابشمول کنبہ کا نام پیشہ اور پیشے کا انتخاب کرنے کا حق۔
- قومیت کے حصول، تبدیلی یا برقرار رکھنے کے لیے مرد کے ساتھ برابری کے حقوق کو یقینی بنانا۔

## جنسی اور تولیدی صحت

- تمام خواتین کو مانع حمل تک مفت رسائی کو یقینی بنانا۔
- محفوظ اور قانونی اسقاط حمل کو تمام خواتین کے لئے دستیاب بنانا۔

- جنسی تعلیم، صحت عامہ کے پروگراموں اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کو چندا دینا۔
- اسقاط حمل کرنے کے حق کے تحفظ کے لیے، اسقاط حمل کو منتخب کرنے، غیر اعلانیہ انجام دینے اور قانون سازی کرنے کے حق کی حمایت کرنا اور یہ یقینی بنائیں کہ حمل ختم کرنے کہ لئے تمام مواقع یکساں طور پر دستیاب ہیں۔
- حمل جاری رکھنے کے لئے اور انتخاب کرنے کی آزادی کی حفاظت کرنا۔

## تشدد اور خواتین کی حفاظت

- خواتین کو جنسی اور صنفی تشدد سے بچانے کے لئے قانون سازی کو مضبوط بنانا اور تشدد اور ہراساں کرنے کہ متعلق قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانا۔
- گھریلو اور خاندانی تشدد کو کم سے کم اور منظم کرنے کہ لئے قانون سازی کرنا۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ نظام عدل، جنسی استحصال کے تمام افراد کی ضروریات کے لئے حساس ہے۔
- منفی حساسیت کی تربیت اور پروگرام مہیا کئے جائیں جن میں خاص توجہ اسکول کے بچوں اور کالج کے طلباء پر دی جائے۔ خواتین کو بااختیار بنانے اور صنفی حساسیت کی پالیسیوں پروگراموں کے مابین ہم آہنگی کو یقینی بنانا۔

## روزگار

- ملازمت کے میدان میں خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک کو ختم کریں۔
- برابر تنخواہ کے اصول اور خواتین کے لیے برابر کام کو یقینی بنائیں۔
- تمام انسانوں کے ناگزیر حق کے طور پر کام کرنے کے حق کو یقینی بنائیں۔

## جنسی کارکناں

- خواتین میں ہر طرح کی سمگلنگ اور جنسی کارکنوں (جن میں زیادہ تر خواتین ہیں) کہ استحصال کو دبانے کے لئے تمام مناسب اقدامات اٹھانا۔
- شہری قانون کہ تحت جنسی کام کی حمایت کرنا۔

## مقامی/قبائلی خواتین

- کسی دیہی اور قبائلی عورت کی زیادہ ہمت افزائی اور رہنمائی کرنا تاکہ اس کی سماجی ماحول میں پہچان ہو سکے اور اس کی معاشی اور سماجی مسئلوں میں رہنمائی کرنا اور پروگرام میں عمل درآمد اور حکمت عملی بنانا تاکہ دونوں کے بیچ سماجی، معاشی، دیسی اور غیر دیسی فرق نہ ہو۔
- صحت، تعلیم اور دیگر سرکاری پالیسیوں کو یقینی بنائیں کہ وہ دیسی اور قبائلی خواتین کی بہتری کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔

## دیہی خواتین

- دیہی علائقوں میں خواتین کے لئے قانونی تحفظات کے اطلاق کو یقینی بنائیں۔
- دیہی علائقوں میں خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک کو ختم کریں تاکہ دیہی ترقیاتی پروگراموں میں ان کی شرکت کو یقینی بنایا جا سکے۔

## خواتین کی تصویر کشی

- خواتین کے بارے میں قابل احترام اور بااختیار پیغامات اور تصویر کی ثقافت کی حمایت کریں۔
- اشتہاری اور دیگر ذرائع ابلاغ (جن میں فیشن انڈسٹری شامل ہے) میں خواتین کے مثبت اور قابل احترام نظریہ کی حمایت کریں اور صحتمند اور معمول کے مطابق خواتین کی جسمانی اقسام کی تصویر کشی کی وکالت کرنا۔

- میڈیا میں جنس پرستی کی نشاندہی کرنا اور خواتین کی منفی تصویروں کے خاتمے کے لئے سرگرم عمل رہنا۔
- اشتہارات میں خواتین کے جنسی استحصال اور استحصال سے نمٹنے کے لئے تعلیمی پروگراموں کو فروغ دینا۔

## خواتین اور میڈیا

- میڈیا میں خواتین کی مثبت نمائندگی کو یقینی بنانے کے لئے ضوابط کا پتہ لگانہ۔
- جمہوری معاشری میں مرد اور خواتین کے مابین مساوات کی اہمیت کے بارے میں ایک مہم تیار کرنا جس میں مرد اور خواتین کے منفی دقیانوسی تصورات کو دوءر کیا جائے۔